چیدہ چیدہ شرائط نیلام درج ذیل ہیں۔

یہ کہ ٹھیکہ جات کی نیلامی مالی سال یعنی 27-2026 کے لئے ہوگی۔ تمام کامیاب بولی دہندگان صوبائی حکومت کی طرف سے جاری کردہ احکامات/ پالیسی گائیڈ لائنز برائے سال 27-2026 ای بلدیہ ای آکشن کے پابند ہونگے۔ شرائط نیلام دفتری اوقات کار میں تحصیل آفیسر ریگولیشن سے حاصل یا او پر دی گئی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ نیلامی 19-10-2026 کو ہوگی۔ جس کے مطابق نیلامی کا عمل محکمہ ہذا کی مذکورہ ویب سائٹ پر بروز سوموار، 19-10-2026، 20-10-2026، 21-10-2026 بروز بدھ تک بوقت 09:00AM تا 4:00PM رہے گا۔ کامیاب بولی دہندہ مقررہ وقت ختم ہونے کے بعد اگلے تین دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 5% سیکورٹی اور 15% ایڈوانس ٹھیکہ سائن بورڈ میں 50 فیصد پیشگی رقم بھی مذکورہ ایام میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائے گی اور جمع شدہ 5% سیکورٹی/ بینک کال ڈیپازٹ بحق TMA پہاڑپور ضبط کی جائے گی۔ مزید براں صوبائی حکومت/ لوکل کونسل بورڈ کو پہلے سے جمع شدہ سیکورٹی ضبط کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی۔ مزید یہ کہ بعد میں ٹھیکہ دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے ٹھیکیدار کو ٹھیکہ دیا جاسکتا ہے۔ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی مروجہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس و دیگر صوبائی ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ ٹھیکیدار کو ٹھیکہ میں کسی قسم کی معافی نہیں دی جائے گی۔ نیز مجاز اتھارٹی کو اختیار ہے کہ وہ معقول وجوہات پر کسی ایک یا تمام بولی کو مسترد کردے۔ مزید یہ کہ ہر ایک ٹھیکہ کے لئے علیحدہ علیحدہ کال ڈیپازٹ بنانا ضروری ہے جس میں ٹھیکیدار کا نام بھی درج ہو۔ خیبر پختونخوا کے کسی بھی کونسل یا ٹی۔ ایم۔ اے کے باقیدار ٹھیکیدار بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔ اگر دوران آن لائن بولی یا آن لائن بولی کے اختتام تک Net سروس Server کے حوالے سے کسی بھی تکنیکی بنیادوں پر مسائل آنے کی صورت میں ٹی۔ ایم۔ اے، پہاڑپور ہرگز ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔ (مختص شدہ سرکاری بولی کی رقم میں دس (10%) فیصد اضافہ شامل ہے مزید اس پر بولی دینا ضروری ہوگا۔ بصورت دیگر دی گئی بولی صوبائی گورنمنٹ کی ہدایت کے مطابق قابل قبول نہ ہوگی)

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پہاڑپور

Zero Tolerance to Corruption

INF(P)5095/26

تحصیل میونسپل آفیسر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پہاڑپور